پریس ریلیز

28مارچ2017ء

اسٹیٹ بینک عبدالستار ایدھی کی یاد میں 50 روپے کا سکّہ 31 مارچ 2017ء سے جاری کرے گا

انسانیت کے لیے بالعموم اور پاکستانیوں کے لیے بالخصوص قابلِ تعریف خدمات کے پیشِ نظر وفاقی حکومت نے جمعہ 15 جولائی 2016ء کو کابینہ کے اجلاس میں مرحوم عبدالستار ایدھی کی یاد میں ایک سکّہ جاری کرنے کا فیصلہ کیا تھا۔ بعدازاں اسٹیٹ بینک آف پاکستان کو اختیار دیا گیا تھا کہ وہ انسانیت کے لیے عبدالستار ایدھی کی خدمات کے اعتراف میں50 روپے کا یادگاری سکّہ جاری کرے۔ یہ یادگاری سکّہ 31 مارچ 2017ء سے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے تمام فیلڈ دفاتر کے ایکسچینج کاؤنٹرز سے جاری کیا جائے گا۔

50 روپے کے اس سکّے کی دھاتی تفصیل، بناوٹ، اور ڈیزائن ذیل میں دیا گیا ہے:

سکّہ تانبے اور نکل سے بنا ہے، جس میں تانبے کا تناسب 75 فیصد اور نکل کا 25 فیصد ہے۔ اس کا قطر 30 ملی میٹر اور وزن 13.50 گرام ہے۔

سامنے کا رخ:

سامنے کے رخ پر وسط میں بڑھتا ہوا ہلال اور پانچ نوکوں کا ابھرتا ہوا ستارہ ہے جس کا رخ شمال مغرب کی طرف ہے۔ ستارے اور ہلال کے اوپر کنارے کے ساتھ ساتھ اردو میں 'اسلامی جمہوریہ پاکستان' کندہ ہے۔ ہلال کے نیچے اور گندم کی اوپر کی طرف خمیدہ دو بالیوں کے اوپر عددی صورت میں عبدالستار ایدھی کا سالِ وفات درج ہے۔ ستارے اور ہلال کے دائیں اور بائیں جانب بالترتیب سکّے کی مالیت ''50'' اور اردو میں ''روپیہ'' لکھا ہے۔

پچھلا رخ:

پچھلے رخ پر وسط میں عبدالستار ایدھی کا یک رُخی تصویری عکس ہے جس کی بالائی سمت میں ''عہدِ انسانیت عبدالستار ایدھی'' درج ہے۔ اس عکس کے نیچے عبدالستار ایدھی کا عرصۂ حیات 1928-2016ء نیم دائرے کی صورت میں درج ہے۔

☆☆☆